**जब तक आपको यह प्रश्न–पुस्तिका खोलने को नहीं कहा जाए तब तक न खोलें।**

# 2025

**Question Booklet Bar Code Serial No.**
**प्रश्न–पुस्तिका बार कोड क्रम संख्या**
1804785

**कोड : TUKU-12**

**विषय : सामान्य अध्ययन एवं उर्दू**

**भाग – I : सामान्य अध्ययन : प्रश्न संख्या 1 से 40**

**भाग – II : उर्दू : प्रश्न संख्या 41 से 120**

समय : 2 घण्टे

पूर्णांक : 300

अपना अनुक्रमांक सामने बॉक्स में लिखें

अंकों में →

शब्दों में

प्रश्नों के उत्तर के लिए केवल **काले बॉल–प्वॉइंट पेन** का प्रयोग करें। अभ्यर्थी ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर उत्तर देने से पहले सभी अनुदेशों को सावधानीपूर्वक पढ़ लें।

**अन्तरीक्षक के हस्ताक्षर**

आपको अपने सभी उत्तर **केवल ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक** पर ही देने हैं। परीक्षा के उपरांत **ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक अन्तरीक्षक** को सौंप दें तथा अभ्यर्थी प्रति (नीली) अन्तरीक्षक से प्राप्त कर लें।

## महत्त्वपूर्ण अनुदेश

1. **सभी** प्रश्नों के उत्तर दें। **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं। ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक और प्रश्न–पुस्तिका जिनकी बार कोड क्रम संख्या एकसमान है, सील्ड पारदर्शी पॉलीथीन पैकेट के अन्दर एक साथ रखी है।
2. **पारदर्शी सील्ड पॉलीथीन पैकेट खोलने के तुरन्त बाद, पुनः जाँच करके देख लें कि प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर मुद्रित बार कोड क्रम संख्या एकसमान हैं तथा सभी पृष्ठ भली–भाँति छपे हुए हैं। यदि प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर मुद्रित बार कोड क्रम संख्या एकसमान न हों या इसमें अन्य कोई विसंगति हो, तो इसे अन्तरीक्षक को वापस कर प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक की दूसरी सील्ड पॉलीथीन पैकेट प्राप्त कर लें।**
3. अभ्यर्थी **प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर मुद्रित बार कोड क्रम संख्या के एकसमान होने की पुष्टि करने के उपरान्त** ही ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर अपना सही अनुक्रमांक, विषय एवं विषय कोड निर्धारित स्थान पर अंकित करें, अन्यथा ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक का मूल्यांकन नहीं किया जाएगा और उसकी ज़िम्मेदारी स्वयं अभ्यर्थी की होगी।
4. अनुक्रमांक के अलावा प्रश्न–पुस्तिका के कवर पेज पर कुछ न लिखें। रफ कार्य के लिए प्रश्न–पुस्तिका के अन्त में दिए गए दो पृष्ठों का प्रयोग करें।
5. **इस प्रश्न–पुस्तिका में 120 प्रश्न हैं।** प्रत्येक प्रश्न के **चार (4)** वैकल्पिक उत्तर प्रश्न के नीचे दिए गए हैं। इन चारों में से केवल एक ही सही उत्तर है। जिस उत्तर को आप सही या सबसे उचित समझते हैं, ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक में उसके अक्षर वाले वृत्त को **काले बॉल–प्वॉइंट पेन** से पूरा काला कर दें।
6. इस प्रश्न–पुस्तिका में भाग – I के सभी प्रश्न अंग्रेज़ी व हिन्दी दोनों भाषाओं में मुद्रित हैं। द्विभाषी (अंग्रेज़ी/हिन्दी) में किसी भी प्रश्न में अस्पष्टता के मामले में प्रश्न का अंग्रेज़ी संस्करण प्रभावी होगा।
7. **ग़लत उत्तरों के लिए दण्ड :**
   **ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक में अभ्यर्थी द्वारा दिए गए ग़लत उत्तरों के लिए दण्ड दिया जाएगा।**
   (i) प्रत्येक प्रश्न के लिए चार वैकल्पिक उत्तर हैं। अभ्यर्थी द्वारा प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए एक ग़लत उत्तर के लिए प्रश्न हेतु नियत किए गए अंकों का **एक–तिहाई** दण्ड के रूप में काटा जाएगा।
   (ii) यदि कोई अभ्यर्थी एक से अधिक उत्तर देता है, तो इसे **ग़लत उत्तर** माना जाएगा, यद्यपि दिए गए उत्तरों में से एक उत्तर सही होता है, फिर भी उस प्रश्न के लिए उपर्युक्तानुसार ही उसी तरह का दण्ड दिया जाएगा।
   (iii) यदि अभ्यर्थी द्वारा कोई प्रश्न हल नहीं किया जाता है, अर्थात् अभ्यर्थी द्वारा उत्तर नहीं दिया जाता है, तो उस प्रश्न के लिए **कोई दण्ड नहीं** दिया जाएगा।

**नोट : कृपया प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर मुद्रित बार कोड क्रम संख्या के एकसमान होने की जाँच कर ली जाए तथा बार कोड क्रम संख्या के एकसमान न होने की दशा में उसे बदलकर प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक की दूसरी सील्ड पॉलीथीन पैकेट प्राप्त कर लिया जाए।**

***Note : English version of the instructions is printed on the back cover of this Question Booklet.***

## Part – II / भाग – II

## Urdu / उर्दू

41. کربل کتھا کے تعلق سے کون سے دو بیان درست ہیں؟

A. کربل کتھا عربی اور فارسی سے ناواقف کم پڑھے لکھے یا ان پڑھ لوگوں کے لئے عام بول چال کی زبان میں لکھی گئی تھی۔

B. یہ کتاب عہدِ محمد شاہ میں ترجمہ ہوئی۔

C. یہ کتاب احمد شاہ کے عہد میں ترجمہ ہوئی۔

D. یہ واعظ کاشفی کی مشہور کتاب "روضۃ الامراء" کا ترجمہ ہے۔

(a) B اور C

(b) C اور D

(c) D اور A

(d) A اور B

42. اخبار "اودھ پنچ" کس مزاج کا اخبار تھا؟

(a) مزاحیہ و طنزیہ

(b) حکومت انگلس کا حامی

(c) آزادی کی جنگ کا حامی

(d) اسلامی

43. "آب حیات" کے پانچ ادوار میں مختلف شعراء کا ذکر ہے نیچے لکھے ادوار اور ان کے شعراء کے ذکر میں کونسی ترتیب درست ہے؟

(a) پہلا دور – میر حسن، مرزا محمد رفیع سودا، شاہ حاتم، خانِ آرزو

(b) چوتھا دور – مرزا محمد رفیع سودا، سید انشا، مصحفی، میر تقی میر

(c) تیسرا دور – میر تقی میر، مرزا رفیع سودا، خواجہ میر درد، مظہر جان جاناں

(d) دوسرا دور – شاہ حاتم، خان آرزو، میر تقی میر، خواجہ میر درد

44. کس گورنر جنرل کے عہد میں فورٹ ولیم کالج کا قیام عمل میں آیا؟

(a) لارڈ ڈلہوزی

(b) وارن ہیٹنگز

(c) لارڈ کارن والس

(d) لارڈ ویلزلی

45. میر انیس کہاں پیدا ہوئے تھے۔ ذیل میں سے نشاندہی کیجئے۔

(a) لکھنؤ

(b) آگرہ

(c) فیض آباد

(d) دہلی

46. دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں
یہ شعر 'باغ و بہار' کے کس حصّے میں شامل ہے ؟

(a) سیر تیسرے درویش کی

(b) سیر چوتھے درویش کی

(c) سیر پہلے درویش کی

(d) سیر دوسرے درویش کی

47. 'راحت میاں' درج ذیل میں کس افسانے کا کردار ہے ؟

(a) چوتھی کا جوڑا

(b) جوانی

(c) امربیل

(d) لحاف

48. قاضی عبدالغفار کون سا رسالہ نکالتے تھے ؟

(a) شگوفہ

(b) پیامِ تعلیم

(c) پیام

(d) شمع

49. وہ الفاظ جن سے کسی شخص یا چیز کی خصوصیت، حالت یا کیفیت ظاہر ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) اسم نکرہ

(b) ضمیر تنکیر

(c) حرف عطف

(d) صفت ذاتی

50. 'گلشنِ امید کی بہار' کس کا تحریر کردہ مضمون ہے؟

(a) محمد حسین آزاد

(b) مولانا حالی

(c) رشید احمد صدیقی

(d) سر سید

51. اگر کسی چیز کے لئے کوئی ایسی وجہ بیان کی جائے جو واقعی نہ ہو مگر اس میں شاعرانہ جدت و نزاکت ہو اور فطرت سے مناسبت بھی رکھتی ہو تو اسے کیا کہیں گے؟

(a) مراعاۃ النظیر

(b) حسنِ تعلیل

(c) تلمیح

(d) تضاد

52. اُردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

(a) محمد افضل

(b) محمد قلی قطب شاہ

(c) عبد اللہ حسینی

(d) امیر خسرو

53. "شعر العجم" کا موضوع کیا ہے؟

(a) عربی شاعری کی تاریخ

(b) اُردو شاعری کی تاریخ

(c) ترکی شاعری کی تاریخ

(d) فارسی شاعری کی تاریخ

54. "داستانِ زبانِ اُردو" کس کی تصنیف ہے؟

(a) شوکت سبزواری

(b) رشید حسن خاں

(c) حامد حسن قادری

(d) محی الدین قادری زور

55. "رجز" کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟

(a) قصیدہ

(b) غزل

(c) مثنوی

(d) مرثیہ

56. "لندن کی ایک رات" کس کی تصنیف ہے؟

(a) فیض احمد فیض

(b) قرۃ العین حیدر

(c) سجاد ظہیر

(d) ملک راج آنند

57. پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی
ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی
صنعت کی نشاندہی ذیل کے حوالے سے کیجئے۔

(a) تضاد

(b) مراعاۃ النظیر

(c) حسنِ تعلیل

(d) تنسیق الصفات

58. "کاغذی ہے پیرہن" کس کی خود نوشت سوانح عمری ہے؟

(a) ندا فاضلی

(b) آل احمد سرور

(c) عصمت چغتائی

(d) اختر الایمان

59. "اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ اُردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے"۔ یہ قول کس کا ہے؟

(a) محمد حسین آزاد

(b) الطاف حسین حالی

(c) امام بخش ناسخ

(d) محمود شیرانی

60. ایسا شعر جس کے دونوں مصرعوں کے الفاظ علی الترتیب ہم وزن ہوں تو اسے کیا کہیں گے؟

(a) تلمیح

(b) تضاد

(c) مراعات النظیر

(d) ترصیع

61. سر سید احمد کی تاریخ وفات کیا ہے؟

(a) 17 نومبر 1880

(b) 27 مارچ 1898

(c) 7 مئی 1903

(d) 17 اکتوبر 1888

62. فراق کی رُباعیوں کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

(a) گل نغمہ

(b) روپ

(c) نغمۂ ساز

(d) روح کائنات

63. درج ذیل میں کن تین شاعروں کا تعلق دبستان دہلی سے ہے؟

(a) مرزا غالب - میر حسن - قلندر بخش جرأت

(b) میر انیس - حیدر علی آتش - میر تقی میر

(c) میر تقی میر - مرزا غالب - سراج الدین خاں آرزو

(d) امام بخش ناسخ - سلامت علی دبیر - دیا شنکر نسیم

64. درد منت کش دوا نہ ہوا
میں نہ اچھا ہوا، بُرا نہ ہوا
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(a) تضاد

(b) ایہام

(c) ترصیع

(d) تنسیق

65. کرشن چندر کا پہلا افسانوی مجموعہ کون سا ہے؟

(a) حسن اور حیوان

(b) نظارے

(c) ان داتا

(d) طلسم خیال

66. ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
اس شعر میں کون سی صنعت ہے ذیل سے نشاندہی کیجئے۔

(a) تشبیہ

(b) مجاز مرسل

(c) کنایہ

(d) استعارہ

67. اُردو شاعری میں پہلا طنز و مزاح شاعر کسے مانا جاتا ہے؟

(a) اکبر الہ آبادی

(b) سودا

(c) ابن نشاطی

(d) جعفر زٹلی

68. 'غبارِ خاطر' کے خطوط مندرجہ ذیل میں سے کس ممتاز شخصیت کے نام لکھے گئے ہیں؟

(a) عبید الرحمٰن خاں شروانی

(b) ریاض الرحمٰن خاں شروانی

(c) مدیح الرحمٰن خاں شروانی

(d) حبیب الرحمٰن خاں شروانی

69. "کاشف الحقائق" کس مصنف کی کتاب ہے؟

(a) حبیب الرحمٰن خاں شیروانی

(b) امتیاز علی خاں عرشی

(c) امداد امام اثر

(d) حافظ محمود خاں شیرانی

70. پریم چند کے افسانے "بڑے گھر کی بیٹی" کا مرکزی کردار کون ہے؟

(a) شری کنٹھ

(b) لال بہاری سنگھ

(c) آنندی

(d) بینی مادھو سنگھ

71. حلقۂ ارباب ذوق کا پہلے نام کیا تھا؟

(a) علمی حلقہ

(b) بزم داستان گویاں

(c) بزم ادب

(d) ادبی حلقہ

72. "سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل" یہ مطلع محسن کاکوروی کے کس قصیدہ کا ہے؟

(a) مدیح خیر المرسلین

(b) صبح تجلی

(c) ابیات نعت

(d) چراغ کعبہ

73. مہدی افادی کے مضمون "اُردو لٹریچر کے عناصر خمسہ" میں کن ادیبوں کا ذکر ہے؟

(a) سر سید ، آزاد ، حالی ، شبلی ، محسن الملک

(b) سر سید ، آزاد ، حالی ، شبلی ، نذیر احمد

(c) سر سید ، آزاد ، حالی ، شبلی ، وقار الملک

(d) سر سید ، آزاد ، حالی ، شبلی ، ذکاء اللہ

74. "اگر تمام فنون لطیفہ احساسات و کائنات کا عطر ہے تو غزل اس عطر کا عطر"۔ غزل کے متعلق یہ خیالات کس کے ہیں؟

(a) فراق گورکھپوری

(b) آل احمد سرور

(c) شبلی نعمانی

(d) رشید احمد صدیقی

75. "جب قطع کی مسافتِ شب آفتاب نے" کس کا مرثیہ ہے؟

(a) انیس

(b) ضمیر

(c) خلیق

(d) دبیر

76. دہلی کالج کے کس مصنف نے اُردو میں "الجبرا" اور "علم مثلّث" پر کتابیں لکھیں؟

(a) ماسٹر رام چندر

(b) بھیروں پرساد

(c) ماسٹر پیارے لال

(d) موتی لال دہلوی

77. حروف علّت کے لیے ان میں سے کون سا لفظ مستعمل ہے؟

(a) مہمل

(b) مصمتے

(c) مصوّتے

(d) کلمہ

78. "غزل نیم وحشی صنف سخن ہے"۔ یہ کس کا قول ہے؟

(a) احتشام حسین

(b) کلیم الدین احمد

(c) وحید الدین سلیم

(d) آل احمد سرور

79. "شعر میں دو چیزیں ہوتی ہیں ایک خیال دوسرے الفاظ خیال تو ممکن ہے کہ شاعر کے ذہن میں فوراً ترتیب پاجائے۔ مگر اس کے لئے الفاظ مناسب کا لباس تیار کرنے میں ضرور دیر لگے گی"۔

مذکورہ خیال کس ناقد کا ہے؟

(a) امداد امام اثر

(b) الطاف حسین حالی

(c) کلیم الدین احمد

(d) شبلی نعمانی

80. نظیر اکبر آبادی کی نظم "آدمی نامہ" کس شعری ہیئت میں ہے؟

(a) مربع

(b) مخمس

(c) مسدس

(d) مثلث

81. "ہندوستان کی جدید زبانوں کی پیدائش پراکرتوں سے نہیں بلکہ اپ بھرنشوں سے ہوئی ہے"۔

مذکورہ بالا خیال کس ماہر لسان کا ہے؟

(a) شوکت سبزواری

(b) مسعود حسین خاں

(c) گیان چند جین

(d) سنیتی کمار چٹرجی

82. 'عجائبات فرنگ' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(a) سوانح

(b) سفر نامہ

(c) خود نوشت

(d) تاریخ

83. مولانا ابوالکلام آزاد نے "الہلال" اخبار کس سنہ میں جاری کیا تھا؟

(a) 1912

(b) 1914

(c) 1915

(d) 1910

84. وہ لفظ جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کرے" کیا کہلاتا ہے؟

(a) مفعول

(b) مصدر

(c) فاعل

(d) فعل

85. ترقی پسند تحریک کی کل ہند کانفرنسوں کے حوالے سے صحیح جوڑے کی نشاندہی کیجئے۔

I. 1930 - حیدرآباد

II. 1942 - دہلی

III. 1945 - کلکتہ

IV. 1949 - بھیمڑی (ممبئی)

(a) III ، IV

(b) II ، IV

(c) I ، IV

(d) I ، II

86. "لا = انسان" کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(a) ن۔م۔ راشد

(b) مجاز

(c) اختر الایمان

(d) فیض احمد فیض

87. مثنوی 'قطب مشتری' کس کی تصنیف ہے؟

(a) نظامی

(b) نشاطی

(c) ملّا وجہی

(d) ہاشمی

88. 'بدر منیر' کا تعلق کس مثنوی سے ہے؟

(a) سحرالبیان

(b) زہر عشق

(c) گلزارِ نسیم

(d) مذکورہ کسی بھی مثنوی سے نہیں

89. "مہ جبیں" کس مثنوی کی ہیروئین ہے ؟

(a) سحرالبیان

(b) گلزار نسیم

(c) شعلۂ عشق

(d) زہر عشق

90. اُردو شعراء کے تذکروں کے بارے میں درج ذیل رائے کس نقاد کی ہے ؟

"شاعروں کے مختلف مراتب کا صاف اور مدلل بیان کہیں نہیں پایا جاتا اور ان کا ایک دوسرے سے موازنہ بھی کہیں نہیں ملتا۔ سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ شاعروں سے متعلق بیان ہوتا ہے اس میں تنقید کا عنصر گویا عنقا ہے"۔

(a) کلیم الدین احمد

(b) احتشام حسین

(c) محمد حسن

(d) آل احمد سرور

91. نذیر احمد کے ناولوں میں یہ کمی پائی جاتی ہے کہ بیچ بیچ میں مذہب اور اخلاق پر تقریر کرنے لگتے ہیں۔ ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں پر مندرجہ بالا رائے کس ناقد کی ہے ؟

(a) احتشام حسین

(b) شمس الرحمٰن فاروقی

(c) کلیم الدین احمد

(d) مسیح الزماں

92. درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے ؟

بڑی بی آپ کو کیا ہو گیا ہے
ہرن پر لادی جاتی ہے کہیں گھاس

(a) جوش ملیح آبادی

(b) میر حسن دہلوی

(c) اکبر الہ آبادی

(d) شاد عظیم آبادی

93. "اُردو ادب کا آخری دور" کس کا طنزیہ و مزاحیہ مضمون ہے ؟

(a) فکر تونسوی

(b) کنہیالال کپور

(c) کرنل محمد خاں

(d) پطرس بخاری

94. وہ کون سا فعل ہے جس میں کام کرنے والا فاعل کے بجائے مبتدا کہلاتا ہے ؟

(a) فعل ناقص

(b) فعل لازم

(c) فعل متعدی

(d) فعل مجہول

95. مقدمۂ شعر و شاعری مع دیوانِ حالی پہلی مرتبہ کب شائع ہوا ؟

(a) 1893

(b) 1900

(c) 1903

(d) 1800

96. "غزل اُردو شاعری کی آبرو ہے" یہ مشہور جملہ کس مصنف کا ہے ؟

(a) آل احمد سرور

(b) کلیم الدین احمد

(c) احتشام حسین

(d) ان میں سے کوئی نہیں

97. درج ذیل بیان کس نقاد کا ہے ؟

"اگر دوسرے بیانات سے آزاد کے بیانات کی تصدیق ہو تو اچھا ہے۔ ورنہ اُن پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا"۔

(a) قاضی عبد الودود

(b) کلیم الدین احمد

(c) مسعود حسن رضوی ادیب

(d) حافظ محمود شیرانی

98. سرور جہاں آبادی کا نام کیا ہے ؟

(a) درگا سہائے

(b) برج موہن سہائے

(c) مہیش پرساد سہائے

(d) رگھوپتی سہائے

99. نظم "ایک لڑکا" اختر الایمان کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے ؟

(a) تاریک سیارہ

(b) سب رنگ

(c) گرداب

(d) یادیں

100. ترقی پسندوں کا ادبی رسالہ "نیا ادب" کہاں سے جاری ہوا تھا ؟

(a) بنارس

(b) لکھنؤ

(c) ممبئی

(d) دہلی

101. کوئی جو کچھ کہے میں تو یہی کہتا ہوں اے اکبر
خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں
مذکورہ بالا شعر اکبر نے کس کی وفات پر لکھا تھا ؟

(a) حالی

(b) سرسیّد

(c) سید عشرت حسین

(d) غالب

102. "فسانۂ عجائب" کس شہر میں لکھی گئی ؟

(a) آگرہ

(b) کانپور

(c) بنارس

(d) لکھنؤ

103. محمد حسین آزاد کے مطابق سودا کے قصیدوں کی مشابہت فارسی کے کس قصیدہ گو سے زیادہ ہے ؟

(a) انوری

(b) عرفی

(c) بیدل

(d) خاقانی

104. "لکھنؤ کا دبستانِ شاعری" کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(a) خلیل الرحمٰن اعظمی

(b) انور سدید

(c) ابواللیث صدیقی

(d) فرمان فتحپوری

105. داستان کی وہ خصوصیت جو اسے ناول سے الگ کرتی ہے" کیا ہے؟

(a) مکالمہ

(b) کردار نگاری

(c) فوق فطری عناصر

(d) زندگی کے نشیب و فراز

106. غالب کا قصیدہ "دہر جز جلوۂ یکتائی معشوق نہیں" کس کی شان میں لکھا گیا ہے؟

(a) اکبر شاہ ثانی

(b) بہادر شاہ ظفر

(c) حضرت علی

(d) آصف الدولہ

107. 'کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے'
اس مصرع میں شیر لفظ کیا ہے؟

(a) حسن تعلیل

(b) کنایہ

(c) استعارہ

(d) تشبیہ

108. مندرجہ ذیل کرداروں میں کون سا کردار 'انار کلی' کا نہیں ہے؟

(a) مروارید

(b) کافور

(c) عنبر

(d) منیر

109. "اُردو تنقید کا وجود محض فرضی ہے۔ یہ اقلیدس کا خیالی نقط یا معشوق کی موہوم کمر"۔
درج بالا جملہ کس تنقید نگار کا ہے؟

(a) کلیم الدین احمد

(b) شمس الرحمٰن فاروقی

(c) گوپی چند نارنگ

(d) آل احمد سرور

110. "مجاز کی شاعری انقلاب اور تغزل کا حسین امتزاج ہے"
مذکورہ بالا خیال کس نقاد کا ہے؟

(a) ممتاز حسین

(b) وزیر آغا

(c) عزیز احمد

(d) محمد حسن

111. مندرجہ ذیل میں سے کس ادبی شخصیت نے اُردو میں سوانح عمری لکھنا رائج کیا؟

(a) آزاد

(b) حالی

(c) شبلی

(d) سر سید

112. "و" معدولہ کسے کہتے ہیں؟

(a) جو دو لفظوں کو ملانے کا کام کرے

(b) جو کھینچ کر پڑھا جائے

(c) جو پڑھا جائے مگر لکھا نہ جائے

(d) جو لکھا جائے مگر پڑھا نہ جائے

113. لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کار گہہ شیشہ گری کا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(a) مرزا غالب

(b) علامہ اقبال

(c) فیض احمد فیض

(d) میر تقی میر

114. درج ذیل میں سے کس مصنف کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں ہے؟

(a) مظہر علی خاں ولا

(b) رجب علی بیگ سرور

(c) میر شیر علی افسوس

(d) بینی نرائن جہاں

115 پنڈت دیا شنکر نسیم کس کے شاگرد تھے؟

(a) خواجہ حیدر علی آتش

(b) الطاف حسین حالی

(c) شیخ امام بخش ناسخ

(d) میر حسن

116. درج ذیل میں کون سی نظم حضرت سلیمان علیہ السلام کو علامت بنا کر کہی گئی ہے؟

(a) طلوع اسلام

(b) سبا و یراں

(c) حقیقت حسن

(d) خضر راہ

117. مثنوی "کدم راؤ پدم راؤ" کس کی تصنیف ہے؟

(a) ملا وجہی

(b) ابن نشاطی

(c) فخر دین نظامی

(d) غواصی

118. 'دلآرام' کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(a) سلور کنگ

(b) آگرہ بازار

(c) انار کلی

(d) اندر سبھا

119. اس مکتوب الیہ کا نام بتائیں جسے خط لکھتے ہوئے مرزا غالب کا دعویٰ ہے کہ "میں نے وہ اندازِ تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے"۔

(a) بنام میر مہدی مجروح

(b) بنام منشی حبیب اللہ خاں ذکاء

(c) بنام مرزا حاتم علی مہر

(d) بنام یوسف مرزا

120. سید محمد حسینی گیسودراز کا تعلق کس عہد سے ہے؟

(a) بہمنی دور

(b) عادل شاہی دور

(c) محمد شاہی دور

(d) قطب شاہی دور